روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 20/اگست 2008ء 17 شعبان 1429 ہجری 20 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 190

دعا معلق رہتی ہے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب تک دعا کرنے والا رسول اللہ ﷺ پر درود نہیں بھیجتا اس کی دعا زمین وآسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور اس کا کوئی حصہ بھی خدا کے حضور پیش ہونے کے لئے اوپر نہیں جاتا۔

(جامع ترمذی کتاب الصلٰوۃ باب الصلٰوۃ علی النبی حدیث نمبر:448)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نشان کی جڑ دعا ہی ہے۔ یہ اسم اعظم ہے اور دنیا کا تختہ پلٹ سکتی ہے۔ دعا مومن کا ہتھیار ہے اور ضرور ہے اور ضرور ہے کہ پہلے ابتہال اور اضطراب کی حالت پیدا ہو۔ (ملفوظات جلد 3ص 202)

''دعا کرنا اور کرانا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے دعا کے لئے جب درد سے دل بھر جاتا ہے اور سارے حجابوں کو توڑ دیتا ہے اس وقت سمجھنا چاہئے کہ دعا قبول ہوگئی۔ یہ اسم اعظم ہے۔ اس کے سامنے کوئی انہونی چیز نہیں ہے۔ ایک خبیث کے لئے جب دعا کے ایسے اسباب میسر آجائیں تو یقیناً وہ صالح ہوجاوے۔ اور بغیر دعا کے وہ اپنی توبہ پر بھی قائم نہیں رہ سکتا۔''

(ملفوظات جلد 3ص 100)

دعا عمدہ شے ہے۔ اگر توفیق ہو تو ذریعہ مغفرت کا ہو جاتی ہے اور اسی کے ذریعہ سے رفتہ رفتہ خدا تعالیٰ مہربان ہو جاتا ہے۔ دعا کے نہ کرنے سے اول زنگ دل پر چڑھتا ہے، پھر قساوت پیدا ہوتی ہے، پھر خدا سے اجنبیت، پھر عداوت، پھر نتیجہ سلب ایمان ہوتا ہے۔ (ملفوظات جلد 3ص 628)

دعا میں بعض دفعہ قبولیت نہیں پائی جاتی تو ایسے وقت میں اس طرح سے بھی دعا قبول ہو جاتی ہے کہ ایک شخص بزرگ سے دعا منگوائیں اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگیں کہ وہ اس مرد بزرگ کی دعاؤں کو سنے۔ اور بار بار دیکھا گیا ہے کہ اس طرح دعا قبول ہو جاتی ہے۔ (ملفوظات جلد پنجم صفحہ 182)

اللہ جلشانہ نے جو دروازہ اپنی مخلوق کی بھلائی کے لئے کھولا ہے وہ ایک ہی ہے یعنی دعا۔ جب کوئی شخص بکا وزاری سے اس دروازہ میں داخل ہوتا ہے تو وہ مولائے کریم اس کو پاکیزگی وطہارت کی چادر پہنا دیتا ہے۔ اور اپنی عظمت کا غلبہ اس پر اس قدر کر دیتا ہے کہ بے جا کاموں اور ناکارہ حرکتوں سے وہ کوسوں بھاگ جاتا ہے۔

(ملفوظات جلد 3ص 315)

تقویٰ ایک درخت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

خدا تعالیٰ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ ''تقویٰ ایک ایسا درخت ہے جس کو دل میں لگانا چاہئے۔ وہی پانی جس سے تقویٰ پرورش پاتی ہے تمام باغ کو سیراب کر دیتا ہے۔ تقویٰ ایک ایسی جڑ ہے کہ اگر وہ نہیں تو سب کچھ ہیچ ہے اور اگر وہ باقی رہے تو سب کچھ باقی ہے۔ انسان کو اس فضولی سے کیا فائدہ جو زبان سے خدا طلبی کا دعویٰ کرتا ہے لیکن قدم صدق نہیں رکھتا۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد نمبر 20 صفحہ 307)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

مورخہ 24/اگست 2008ء کو درج ذیل تین سپیشلسٹ ڈاکٹرز فضل عمر ہسپتال ربوہ میں تشریف لائیں گے۔

☆ مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب پلاسٹک / ہینڈ سرجری اور ہیئر ٹرانسپلانٹیشن زبیدہ بانی ونگ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

☆ مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

☆ مکرم ڈاکٹر رفیق احمد بشارت صاحب نیوروفزیشن آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

ضرورت منداحباب وخواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''پانچ بنیادی اخلاق''

برائے مجلس اطفال الاحمدیہ و ناصرات الاحمدیہ 09-2008ء

قواعد، ذیلی عناوین و امدادی کتب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس انصاراللہ پاکستان ہر سال انصار، خدام، لجنہ، ناصرات اور اطفال کے مابین مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا کرے گی۔
سال 09-2008ء کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے عناوین ذیلی عناوین، قواعد اور امدادی کتب پر مشتمل تفصیلات ہر تنظیم کے لئے الگ الگ تیار کی گئی ہیں۔ جو باری باری شائع کی جارہی ہیں۔
(ڈاکٹر عبدالخالق خالد۔ قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

قواعد:

☆عنوان مقالہ ''پانچ بنیادی اخلاق''

☆مقالہ کے الفاظ 25 ہزار سے کم نہ ہوں اور 40 ہزار سے زائد نہ ہوں۔ الفاظ کی پابندی ضروری ہے۔ بصورت دیگر مقالہ مقابلہ میں شامل نہ ہوگا۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے شروع میں نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، شائع کرنے والے ادارے کا نام، ایڈیشن، سنِ اشاعت، جلد اور صفحہ نمبر کا ذکر ضرور کیا جائے۔ حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔ دائیں طرف حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2009ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆ان مقابلہ جات میں مجلس اطفال الاحمدیہ اور ناصرات الاحمدیہ شریک ہوں گی۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور سے صاف اور خوشخط تحریر کریں۔

☆مجلس اطفال الاحمدیہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں اور ناصرات الاحمدیہ اپنے مقالہ جات لجنہ اماء اللہ پاکستان کی وساطت سے ارسال کریں۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جارہی ہے۔ تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز اگر چاہیں تو وہ مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔ تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے عناوین کے تحت لکھنا ضروری ہوگا۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔ مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات:

اوّل : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب + سند امتیاز +15 ہزار روپے نقد انعام

دوم : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب + سند امتیاز +10 ہزار روپے نقد انعام

سوم : ماڈل ستارہ احمدیت + کتب + سند امتیاز +5 ہزار روپے نقد انعام

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ مقابلہ میں شرکت کرنے والے تمام اطفال و ناصرات کو سند شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1-اخلاق کی تعریف۔ لغوی و اصطلاحی معنی

2-اخلاق کی مختلف اقسام

3-اخلاق حسنہ کی حسن معاشرت میں ضرورت و اہمیت

4-سچائی کے لغوی معنی۔ سچائی از روئے قرآن و احادیث۔ انسانی کردار کی تعمیر میں سچائی کی اہمیت

5-وُسعت حوصلہ کی تعریف از روئے قرآن و احادیث

6-وُسعت حوصلہ کے معاشرے پر مثبت اثرات

7-نرم اور پاک زبان کے استعمال سے معاشرے میں امن اور سلامتی کی ضمانت

8-ادب اور آداب کی جامع تعریف اور معاشرتی زندگی پر اس کے بہتر اثرات

9-غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے سے فلاحی معاشرے کی تشکیل

10-مضبوط عزم اور ہمت کے لغوی معنی اور معاشرے پر اس کے اثرات

11-آنحضرتؐ کے زمانہ میں مسلمانوں کے اعلیٰ اخلاق کی مثالیں

12-بنیادی اخلاق کے بارہ میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے ارشادات

13-تحریک وقفِ نو میں بنیادی اخلاق کی اہمیت و ضرورت

14-انبیاء کی بعثت کا مقصد لوگوں کو اعلیٰ اخلاق کی تربیت دینا ہے۔

15-بچوں کے اخلاق و عادات کی درستی کے لئے نماز باجماعت کی اہمیت

16-پانچ بنیادی اخلاق کا بچوں کی تربیت میں مرکزی کردار

امدادی کتب:

1-قرآن کریم

2-تفسیر صغیر از حضرت مصلح موعود

3-تفسیر کبیر از حضرت مصلح موعود (انڈیکس سے لفظ ''اخلاق'' کے تحت)

4-ترجمہ قرآن کریم۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

5-مشعلِ راہ جلد اوّل تا پنجم۔ شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

6-خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 24 نومبر 1989ء (پانچ بنیادی اخلاق)

7-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی

8-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی

9-کتب احادیث۔ (حدیقۃ الصالحین۔ احادیث الاخلاق۔ ریاض الصالحین)

10-سیرت المہدی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

11-حضرت محمدؐ۔ مولفہ مولانا غلام باری صاحب سیف

12-شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں۔ (خطبات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

13-اسوۂ انسان کامل۔ حافظ مظفر احمد صاحب

رسائل:

ماہنامہ ''انصاراللہ'' (دسمبر 1989ء، ستمبر 1990ء)

ماہنامہ ''خالد'' (دسمبر 1989ء جنوری، فروری، جولائی، اگست 1990ء، جون 1991ء)

ماہنامہ ''تشحیذ الاذہان'' (جون، ستمبر، اکتوبر، دسمبر 1989ء۔ جنوری 1990ء۔ جون، جولائی 1999ء۔ اگست 2002ء)

ماہنامہ ''مصباح'' (دسمبر 1989ء۔ جنوری، نومبر 1990ء۔ اگست 1992ء۔ اپریل، اگست 1993ء)

اخبارات:

روزنامہ الفضل۔ الفضل انٹرنیشنل

جلسہ یوم آزادی پاکستان

(زیر اہتمام: مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ کو مورخہ 13 /اگست 2008ء کو ایوان ناصر میں بعد نماز عصر جلسہ یوم آزادی پاکستان زیر صدارت مکرم بریگیڈئیر (ر) دبیر احمد صاحب ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم ضیاء اللہ مبشر صاحب نائب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی نے حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے ارشادات میں سے حب الوطنی کے تعلق میں بعض اقتباسات پیش کئے۔ دوسری تقریر مکرم راجہ نصراللہ خان صاحب کی جماعت احمدیہ کا قیام پاکستان میں کردار کے موضوع پر تھی۔ ازاں بعد صدر مجلس نے اپنی 33 سالہ پاک آرمی کی ملازمت کے دوران ہونے والے بعض دلچسپ واقعات سنائے۔ آخر میں محترم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے اختتامی کلمات میں واقعات کی روشنی میں بتایا کہ قائداعظم ایک اصول پرست راہنما تھے پھر آپ نے تمام مقررین اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے دعا کروائی اور اس طرح یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

باسکٹ بال ٹورنامنٹ

(زیر اہتمام مجلس اطفال الاحمدیہ مقامی ربوہ)

۞ خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس اطفال الاحمدیہ مقامی ربوہ کو مجلس صحت کے تعاون سے آل ربوہ خلافت جوبلی باسکٹ بال ٹورنامنٹ مورخہ 19 جولائی تا 6/اگست 2008ء کو منعقد کروانے کی توفیق ملی۔

اس ٹورنامنٹ میں ربوہ بھر سے 32 ٹیموں نے شرکت کی ٹورنامنٹ کے پہلے دو راؤنڈز ناک آؤٹ سسٹم کی بنیاد پر کھیلے گئے۔ ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر کل 42 میچز کھیلے گئے جن میں ربوہ بھر سے 320 اطفال نے شرکت کی۔

اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ مورخہ 7/اگست 2008ء کو صدر بلاک کی باسکٹ بال گراؤنڈ میں بعد نماز عصر ہوا بعد ازاں تقریب تقسیم انعامات ہوئی۔ فائنل میچ میں دارالنصر غربی منعم کی ٹیم نے دارالعلوم غربی خلیل کی ٹیم کو ہرا کر اس ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ بعد ازاں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مکرم لطیف احمد جھمٹ صاحب وکیل المال ثالث تحریک جدید ربوہ تھے۔

تلاوت اور نظم کے بعد مکرم شاہد محمود صاحب سیکرٹری صحت جسمانی نے رپورٹ پیش کی۔ بعد ازاں محترم مہمان خصوصی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے اور اطفال کو قیمتی نصائح سے نوازا۔ آخر پر محترم عمر فاروق صاحب ناظم اطفال نے مہمانان و حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ محترم مہمان خصوصی نے دعا کروائی۔ اس طرح یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم حمید علی ظفر صاحب

خوشگوار عائلی زندگی کے متعلق دینی تعلیم

(قسط اول)

خوشگوار عائلی زندگی گزارنے کیلئے ضروری ہے کہ ہمیں علم ہو کہ عائلی یا ازدواجی زندگی کا مقصد کیا ہے۔ اس کے بعد جو اُمور عائلی زندگی کو خوشحال بنانے میں مدد دیتے ہیں ان کو اپنانا ہوگا۔ جہاں تک ازدواجی زندگی یا میاں بیوی کے جوڑے بنائے جانے کا تعلق ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اس کے نشانات میں سے یہ بھی ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس میں سے جوڑے بنائے تا کہ تم ان کی طرف تسکین حاصل کرنے کے لئے جاؤ اوراس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی یقیناً اس میں ایسی قوم کیلئے جو غور وفکر کرتے ہیں بہت سے نشانات ہیں۔

(الروم:22)

اللہ تعالیٰ نے زندگی کی ہر ایک قسم کا اُس کی جنس سے جوڑا بنایا ہے۔اس نے اشرف المخلوقات انسان کی بھی اپنی ہی جنس سے اُس کا جوڑا بنایا ہے تا کہ اُنہیں ایک دوسرے سے تسکین، آرام اور سکون حاصل ہو۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس آیت کی رُو سے عائلی زندگی کو سنوارنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان گہری محبت اور رحمت کا رشتہ قائم فرما دیا ہے اور یہ رشتہ دونوں طرف سے ہے بَیۡنَکُمۡ ہے اور بَیۡنَکُمۡ نے مضمون کو اور زیادہ وسیع فرما دیا۔ بَیۡنَکُمَا نہیں کہا بلکہ بَیۡنَکُمۡ فرمایا۔یعنی وہ بچے جو میاں بیوی کے تعلقات کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں وہ بھی آپس میں محبت اور رحمت کے تعلقات سے زندگی بسر کریں اور سارے معاشرے کے لئے یہ پیغام ہے کہ عائلی زندگی میں مودّت اور رحمت کو اختیار کرو۔''

(خطبہ جمعہ مورخہ 16۔اپریل 1993ء۔الفضل 14 جون 1993ء)

آیت کریمہ کے آخری حصہ میں میاں بیوی کے درمیان امن وسکون اور پیار و محبت کو غور وفکر کرنے والی قوموں کیلئے بہت بڑا نشان قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ دنیا کو امن کی تلاش ہے اور جس قوم کے گھروں میں امن نہیں ہوگا اس قوم کی گلیاں بھی ہمیشہ امن سے محروم رہیں گی۔ یہ ایک ایسا قانون ہے جسے دنیا کی کوئی طاقت بدل نہیں سکتی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جلسہ سالانہ انگلستان 1990ء کے موقع پر خواتین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا۔'' آج کی دنیا میں امن کی ضمانت ناممکن ہے جب تک گھروں کے سکون اور گھروں کے اطمینان اور گھروں کے اندرونی امن کی ضمانت نہ دی جائے۔''

پھر حضور نے اپنے خطاب کے آخر پر احمدی خواتین کو فرمایا کہ'' آج کا بہت ہی اہم پیغام آپ کے لئے یہی ہے کہ آپ گھروں کی تعمیر نو کی کوشش کریں۔اپنے گھروں کو جنت کا نشان بنائیں۔ اپنے تعلقات میں انکسار اور محبت پیدا کریں۔ ہر اُس بات سے احتراز کریں جس کے نتیجے میں رشتے ٹوٹتے ہوں اور نفرتیں پیدا ہوتی ہوں۔ آج دنیا کو سب سے زیادہ گھر کی ضرورت ہے۔ اس کو یاد رکھیں اور یہ گھر اگر احمدیوں نے دنیا کو مہیا نہ کئے تو دنیا کا کوئی معاشرہ بنی نوع انسان کو گھر مہیا نہیں کر سکتا۔''

(خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جلسہ سالانہ انگلستان 28 جولائی 1990ء)

معاشرتی زندگی کا آغاز دراصل ایک گھرانہ کے آغاز سے ہوتا ہے جو شادی کے ذریعہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوتے ہیں۔ اس لئے قرآن مجید معاشرہ کی تعمیر وترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے ازدواجی زندگی کے ہر پہلو کو ایسے لطیف اور احسن پیرائے میں بیان کرتا ہے کہ اس کے مطالعہ سے انسان کی روح وجد میں آجاتی ہے۔ خاوند بیوی کے بارہ میں قرآن مجید کی تعلیم اپنے اندر وہ طاقت اور قوت رکھتی ہے کہ اس پر عمل کے نتیجہ میں انسانی زندگی جنت نظیر معاشرہ میں بدل سکتی ہے۔

سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور پھر ان دونوں میں سے مردوں اور عورتوں کو بکثرت پھیلا دیا۔ (النساء:2)

یہ آیت اپنے اندر بہت معانی رکھتی ہے۔ اگر ہم اس کی حقیقت کو سمجھ لیں اور اس میں بیان شدہ نصائح پر عمل پیرا ہوں تو ہماری اہلی زندگی بھی سدھر سکتی ہے اور خاندانی زندگی بھی۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

'' خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ مرد اور عورت نفس واحدہ ہیں۔ جس طرح من وسلویٰ طعام واحدہ ہے اسی طرح مرد اور عورت نفس واحدہ ہیں۔۔۔۔ اور اس کی جنس میں سے ہی جوڑا بنایا۔ مرد کی جنس عورت ہے اور عورت کی جنس مرد مِنۡہَا سے مراد مِنۡ نَفۡسِہَا ہے۔ عورت کا زوج مرد اور مرد کا زوج عورت ہے۔ مرد عورت کی قسم سے اور عورت مرد کی قسم سے۔ اس آیت میں یہ بتایا کہ عورت کے زوج کا لفظ مرد کے لئے بولا جاتا ہے اور مرد کے زوج کا لفظ عورت کے لئے بولا جاتا ہے جیسے کہتے ہیں کہ جوتی کا جوڑا۔ ایک پاؤں ہو تو کہتے ہیں کہ اس کا دوسرا جوڑا کہاں ہے۔ پھر ہر مرد اور عورت کی آگے نسل چلائی ...... اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو جس کے ذریعے تم سوال کرتے ہو اور تقویٰ اختیار کرو اس خدا کا جس نے تمہارے اندر محبت پیدا کی اور تمہاری اولاد کا سلسلہ جاری کیا۔ بیشک تم اپنے ماں باپ کا بھی خیال رکھو مگر خدا کو کبھی نہ بھولو کیونکہ ماں باپ نے تو تم کو عارضی زندگی دی لیکن خدا نے تم کو دائمی زندگی دی۔ اسی طرح بیشک رشتہ داروں کا بھی خیال رکھو لیکن جس کا تعلق تمہارے ساتھ سب سے زیادہ ہے یعنی خدا، اس کا بھی خیال رکھو...... جس طرح ماں بچے کی نگران ہوتی ہے اسی طرح خدا تمہارا نگران ہے۔

(خطاب 27 دسمبر 1940 انوار العلوم جلد 16 صفحہ 9 تا 16)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے دین میں عورت کے مقام کے بارہ میں جلسہ سالانہ انگلستان کے موقع پر سورہ النساء کی اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا:۔

''نفس واحدہ'' کے بہت سے مفاہیم ہیں۔ ایک ان میں سے یہ ہے کہ ہم نے تمہیں نفس واحدہ سے پیدا کیا یعنی تمہاری عزت مرد اور عورت کے لحاظ سے برابر ہے۔ تمہارے حقوق مرد اور عورت کے لحاظ سے برابر ہیں۔ تم نفس واحدہ کی پیداوار ہو اور تمہیں ایک دوسرے پر برتری حاصل نہیں۔

''نفس واحدہ'' سے پیدا ہونے کا ایک دوسرا مطلب یہ ہے کہ انسانی زندگی کا آغاز ایک ایسے جاندار سے ہوا ہے جو اپنی ذات میں نہ نر تھا نہ مادہ۔ افزائش نسل کے لئے زندگی کی ایک ہی ابتدائی قسم استعمال ہوتی تھی جسے نفس واحدہ فرمایا گیا ہے یعنی وہ قسم نہ نر تھی نہ مادہ۔ پس اس پہلو سے نہ نر کو مادہ پر کوئی فوقیت حاصل ہے اور نہ مادہ کو نر پر۔ یہ تعلیم عیسائیت کی تعلیم سے کتنی مختلف ہے جو یہ کہتی ہے کہ عورت کو مرد کی پسلی سے پیدا کیا گیا ہے اور اس لئے عورت اپنی تخلیق میں مرد کی محتاج ہے۔ جہاں تک انسانیت کے آغاز کا تعلق ہے قرآن کریم اس تعلیم کو رد کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ مرد اور عورت اپنے آغاز کے لحاظ سے ایک دوسرے کے محتاج نہیں ہیں بلکہ برابر کا درجہ رکھتے ہیں کیونکہ ان کی پیدائش کا آغاز ''نفس واحدہ'' سے کیا گیا تھا۔ یہ سائنسی مضمون ہے جو تفصیلات کو چاہتا ہے لیکن یہاں ان تفصیلات کو بیان کرنے کا وقت نہیں ہے۔ بعد ازاں جب زندگی جوڑوں میں منقسم کی گئی یعنی نفس واحدہ سے نر بھی پیدا ہوا اور مادہ بھی۔ اس کی غرض بیان کرتے ہوئے قرآن کریم فرماتا ہے......(سورۃ الروم آیت 22)

اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے تمہیں خود ایک دوسرے سے پیدا کیا یعنی ایک دوسرے سے تمہارے لئے جوڑے پیدا کئے۔ کیوں پیدا کئے؟ اس لئے نہیں کہ ایک دوسرے پر جبر کرے یا زیادتی کرے۔ فرمایا لِتَسۡکُنُوۡۤا اِلَیۡہَا تا کہ تم ایک دوسرے کی طرف سکینت چاہتے ہوئے جھکو اور ایک دوسرے پر تسکین کی خاطر انحصار کرو ...... اور تمہارے درمیان محبت اور رحمت کو پیدا فرمایا...... لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ یقیناً اس میں ایسی قوم کے لئے جو غور وفکر کرتے ہیں، بہت سے نشانات ہیں۔ پس شادی بیاہ کے بعد اگر یہ مقصد پورا نہیں ہوتا یا جوڑے اس مقصد کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ خواہ مردوں کا قصور ہو یا عورتوں کا، تو وہ اپنی تخلیق کے مقصد کو بھلا دیتے ہیں۔ شادی کے بعد مودت اور رحمت کا مضمون ہمیشہ پیش نظر رہنا چاہیے اور ایسا ماحول قائم کرنا چاہیے کہ مرد عورت کے لئے محبت اور رحمت کا سرچشمہ ثابت ہو اور عورت مرد کے لئے محبت اور رحمت کا سرچشمہ ثابت ہو۔

(از خطاب 26 جولائی 1986ء جلسہ سالانہ مستورات برطانیہ)

مرد وعورت کی پیدائش ایک ہی جنس سے ہوئی ہے اس لئے انہیں ایک دوسرے کو سمجھنے میں مشکل نہیں ہونی چاہیے۔ جب جذبات اور احساسات ایک جیسے ہیں تو پھر ایک دوسرے کا احترام کیوں نہیں کیا جاتا خاوند کے لئے احتیاط لازم ہے کہ بیوی کے جذبات کو ٹھیس نہ لگے۔ بیوی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے خاوند کے جذبات واحساسات کا احترام کرے۔ میاں بیوی کا رشتہ انسانی زندگی میں سب سے نازک رشتہ ہے اور اس رشتہ کے ابتدائی ایام سب سے نازک مرحلہ ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ میاں بیوی کے درمیان ایک دوسرے کے جذبات اور احساسات کا احترام ہمیشہ قائم رہے اور دونوں ایک دوسرے کو ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھ سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے تو ایک دوسرے کے دل میں محبت ڈال دی ہے تا کہ وہ ایک دوسرے سے تسکین اور محبت حاصل کریں اور ایک دوسرے کا لباس بنیں۔ فرمایا......(سورۃ البقرہ آیت:188) کہ وہ عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم انکے لئے بطور لباس ہو۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول لباس کا مفہوم یوں بیان فرماتے ہیں۔

'' عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔ جیسا کہ لباس میں سکون، آرام، گرمی سردی سے بچاؤ ' زینت، قسما قسم کے دکھ سے بچاؤ ہے ایسا ہی اس جوڑے میں ہے۔ جیسا کہ لباس میں پردہ پوشی، ایسا ہی مردوں اور عورتوں کو چاہیے کہ اپنے جوڑے کی پردہ پوشی کیا کریں۔ اس کے حالات کو دوسروں پر ظاہر نہ کریں۔ اس کا نتیجہ رضائے الٰہی اور نیک اولاد ہے۔ عورتوں کے ساتھ حسن سلوک چاہیے اور ان کے حقوق کو ادا کرنا چاہیے۔ اس زمانہ میں ایک بڑا عیب ہے کہ عورتوں کے حقوق کی ادائیگی کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔'' (خطبات نور صفحہ 400)

حضرت مصلح موعود نے تفسیر کبیر میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے۔

''ھن لباس لکم ...... میں اس طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ مردوں اور عورتوں کے تعلقات کیسے ہونے چاہئیں۔ فرماتا ہے مردوں اور عورتوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کے لئے ہمیشہ لباس کا کام دیں۔ یعنی (1) ایک دوسرے کے عیب چھپائیں۔ (2) ایک دوسرے کے لئے زینت کا موجب بنیں۔

(3) پھر جس طرح لباس سردی گرمی کے ضرر سے انسانی جسم کو محفوظ رکھتا ہے اسی طرح مرد وعورت سکھ اور دکھ کی گھڑیوں میں ایک دوسرے کے کام آئیں اور پریشانی کے عالم میں ایک دوسرے کی دلجمعی اور سکون کا باعث بنیں غرض جس طرح لباس جسم کی حفاظت کرتا ہے اور اسے سردی اور گرمی کے اثرات سے بچاتا ہے۔ اسی طرح انہیں ایک دوسرے کا محافظ ہونا چاہیے۔ حضرت خدیجہؓ کی مثال دیکھ لو۔ انہوں نے شادی کے معاً بعد کس طرح اپنا سارا مال رسول کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ تاکہ رسول کریم ﷺ کو روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے کوئی دقت پیش نہ آئے اور آپ پورے اطمینان کے ساتھ خدمت خلق کے کاموں میں حصہ لیتے جائیں۔ یہ اہلی زندگی کو خوشگوار رکھنے کا کتنا شاندار نمونہ ہے جو انہوں نے پیش کیا۔''

(تفسیر کبیر جلد دوئم صفحہ 411)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے حضرت خدیجہؓ کے پاک نمونہ کے حوالے سے احباب جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

''اگر تم چاہتے ہو کہ عورتیں تم سے حسن سلوک کریں تو تم ان سے حسن سلوک کرو اگر عورتوں کو یہ یقین ہو جائے کہ ہمارا مرد سچا ہے اور صاحب خلوص ہے اور پاک دل رکھتا ہے اور ہماری طرف سے سوائے ہمارے وجود کے اس کو کوئی حرص نہیں ہے۔ تو ایسی عورتیں پھر کوئی غیریت نہیں رکھا کرتیں اور حضرت خدیجہؓ نے ہمیشہ کے لئے عورتوں کو ایسا خراج تحسین پیش کیا ہے کہ اس کی مثال آپ کو دنیا میں کہیں اور دکھائی نہیں دے گی۔ پس اس نمونے کو آپ پکڑیں۔ جتنا آپ حضرت محمد ﷺ کے اخلاق کے قریب ہوں گے اتنا ہی زیادہ اپنے گھروں پر اپنی بیویوں پر آپ کا نیک اثر پڑتا چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ پھر جہاں دونوں طرف سے اعلیٰ اخلاق کا نمونہ ہو وہاں یہ غیریت مٹ جایا کرتی ہے۔ یہ سوال ہی نہیں رہا کرتا کہ کون سا مال کس کا ہے وہ دونوں یہ سمجھتے ہیں کہ دوسرے کا مال ہے۔ اور یہ ہی وہ طریق ہے جس سے گھر میں جنت پیدا ہوتی ہے۔

(خطبہ جمعہ مورخہ 23 مارچ 1988ء بمقام لنڈن)

لفظ ''لباس'' ہی کی تشریح کرتے ہوئے ایک اور جگہ حضرت مصلح موعود نے تحریر فرمایا۔

'' عورتیں تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔ پس موجب سکون اور آرام ہونے میں دونوں برابر ہیں۔ عورت مرد کے لئے سکون کا باعث ہے اور مرد عورت کے لئے۔

مرد عورت دونوں کو ایک دوسرے کا لباس کہہ کر اس طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے کی حفاظت کرنی چاہیے۔ اگر کوئی نہا دھو کر نکلے لیکن میلے کچیلے کپڑے پہن لے تو کیا وہ صاف کہلائے گا۔ کوئی شخص خواہ کس قدر صاف ستھرا ہو۔ لیکن اس کا لباس گندہ ہو تو گندہ ہی کہلاتا ہے۔ پس ھُنَّ لِبَاسٌ لَّکُم...... میں مرد اور عورت کو ایک دوسرے کا نیکی بدی میں شریک قرار دیا ہے اور بتایا ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے کا محافظ ہونا چاہیے۔ اس طرح بھی لِتَسْکُنُوْا اِلَیْھَا کا مفہوم پورا ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک دوسرے کے لئے بطور رفیق سفر کے کام کرتے ہیں۔''

(فضائل القرآن صفحہ 175 تا 176)

خدا تعالیٰ نے میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ یہ کوئی معمولی درجہ نہیں ہے جو کہ انہیں دیا گیا ہے۔ لباس کی معاشرے میں بہت اہمیت ہے۔ لباس انسان کی شخصیت کو نکھار کر اُجاگر کرتا ہے۔ ایک پائلٹ خواہ کتنا ہی اپنے فن میں ماہر ہو مگر وہ چپل پہنے ہوئے اور Sleeping Suite میں Cockpit میں داخل ہوتا ہے تو لوگ کہیں گے کہ یہ کون ہے؟ یہ تو پائلٹ نہیں ہوسکتا۔ ایک اعلیٰ عدالت کا جج میلے کچیلے کپڑے پہن کر عدالت میں داخل ہو تو کوئی اس کو گھسنے نہیں دے گا۔ الغرض لباس زینت عزت اور وقار کا موجب ہوتا ہے۔ میاں بیوی کو بھی ایک دوسرے کے لئے وقار اور عزت کا موجب قرار دیا گیا ہے۔

پھر سورۃ الاعراف میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

ترجمہ: اے بنی آدم! یقیناً ہم نے تم پر لباس اتارا ہے جو تمہاری کمزوریوں کو ڈھانپتا ہے اور زینت کے طور پر ہے اور رہا تقویٰ کا لباس! تو وہ سب سے بہتر ہے۔ یہ اللہ کی آیات میں سے کچھ ہیں تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ (آیت نمبر 27)

اس آیت میں لِبَاسُ التَّقْوٰی کو بہترین لباس قرار دیا گیا ہے۔ اس لئے ازدواجی تعلقات کی بنیاد بھی تقویٰ پر ہونی چاہیے۔ جس طرح باقی تمام قدرتی تقاضوں اور جذبات کو پورا کرنے میں حسن نیت اور احتیاط لازم ہے۔ اسی طرح ان تعلقات میں بھی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے ایک پیغام میں فرماتے ہیں۔

''لباس زینت کا کام کرتا ہے اور لِبَاسُ التَّقْوٰی زینت کو دوبالا کرتا ہے۔ میاں بیوی جب تک ایک دوسرے کے لئے زینت نہ بنیں تو زندگی بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کا اسوہ حسنہ سامنے رہے تو گھر جنت بن جاتے ہیں۔ بس میرا تو ایک ہی پیغام ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے کے لئے دعائیں کرنے والے ہوں اور آنحضرت ﷺ کی عائلی زندگی سے درس لیں۔''

(از کتاب لباس شائع کردہ لجنہ اماء اللہ بھارت)

اب میں آنحضرت ﷺ کی عائلی زندگی کے چند نمونے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

حضرت عائشہؓ کی شہادت گھریلو زندگی کے بارے میں یہ ہے کہ آپ ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ نرم خو تھے اور سب سے زیادہ کریم۔ عام آدمیوں کی طرح بلا تکلف گھر میں رہنے والے۔ آپ ﷺ نے کبھی تیوری نہیں چڑھائی ہمیشہ مسکراتے رہتے تھے۔ ساری زندگی آپ ﷺ نے اپنی کسی بیوی پر ہاتھ نہیں اٹھایا۔ (ترمذی)

یہ ہے عائلی زندگی کو خوشگوار بنانے کا نسخہ رسول اللہ ﷺ کی عائلی زندگی اس قدر خوشگوار تھی کہ قرآنی حکم کے باوجود کہ اگر ازواج النبی ﷺ چاہیں تو رسول اللہ ﷺ سے علیحدگی اختیار کر سکتی ہیں۔ آپ ﷺ نے سب بیویوں سے علیحدہ علیحدہ پوچھا تو سب نے یہ کہا کہ ہم کسی حال میں بھی رسول خدا ﷺ کو چھوڑنا پسند نہیں کر سکتیں۔ رسول کریم ﷺ کی ازواج مطہرات ہر لحاظ سے رسول کریم ﷺ کے آرام کا خیال فرماتیں اور ہر طرح سے آپ کی خدمت کرتیں۔ لیکن اس کے باوجود ہمارے آقا و مولا اپنے کام خود اپنے ہاتھ سے کر لیا کرتے تھے۔ رات کو دیر سے گھر لوٹتے تو بغیر کسی کو زحمت دیئے یا جگائے خود کھانا یا دودھ وغیرہ تناول فرمالیتے۔ ایسا محبت اور پیار کا تعلق تھا کہ میاں بیوی گھر میں بیٹھ کر بحث مباحثہ بھی کیا کرتے۔ لطائف بھی سناتے۔ کہانیاں بیان کی جاتیں اور اس طرح عائلی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے اپنے ازواج کو باہر بھی لے کر جاتے۔ سیر کے دوران حضرت عائشہؓ سے دوڑ کا مقابلہ بھی ہوتا۔ یہ وہ پیاری ادائیں تھیں۔ یہ وہ محبت کے سلسلہ تھے کہ واقعی آج ہمارے لئے نمونہ ہیں ایک موقعہ پر حضرت صفیہؓ کے ساتھ وہ پیار کا سلوک کیا کہ انسان کا اس پیار پر قربان ہونے کے لئے دل کرتا ہے۔

جنگ خیبر سے واپسی پر صحابہؓ نے یہ عجب نظارہ دیکھا کہ اونٹ پر آپ ﷺ حضرت صفیہؓ کے لئے خود جگہ بنا رہے ہیں۔ وہ جبہّ جو آنحضرت ﷺ نے پہنا ہوا تھا اتار کر تہہ کر کے بیٹھنے کی جگہ پر رکھا۔ پھر سوار کراتے وقت اپنا گھٹنا ان کے آگے جھکا دیا اور فرمایا اس پر پاؤں رکھ کر اونٹ پر سوار ہو جاؤ۔ (بخاری)

یہی وجہ تھی کہ ایک موقعہ پر حضرت صفیہؓ نے فرمایا دنیا میں آپ ﷺ سے بڑھ کر مجھے کوئی پیارا نہیں۔

خدا تعالیٰ کی محبت کے بغیر عائلی زندگی خوشگوار نہیں ہوسکتی۔ اسی لئے ہمارے آقا و مولیٰ حضرت اقدس محمد ﷺ نے فرمایا۔ بہت ہی خوش قسمت ہیں وہ میاں بیوی جو ایک دوسرے کو نماز اور عبادت کے لئے بیدار کرتے ہوں اور اگر ایک نہ جاگے تو دوسرا اس پر پانی کے چھینٹے پھینک کر اسے جگائے۔ (ابن ماجہ)

ایک پرسکون زندگی گذارنے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ میاں بیوی اس بات کو بھی مدنظر رکھیں کہ جہاں دو انسانوں نے تمام عمر بسر کرنی ہو وہاں کبھی کبھی اختلاف بھی ہو جاتا ہے اور ہوسکتا ہے کہ ایک دوسرے کی بعض باتیں ناپسند ہوں لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

ترجمہ: اور اگر تم انہیں ناپسند کرو تو عین ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت بھلائی رکھ دے۔ (النساء:20)

خدا تعالیٰ کے فرمان کے مطابق ایسے عارضی امور پر یا ایسی باتوں پر جو انسان کی طبیعت کے مطابق نہ ہوں اسے جلد بازی نہیں کرنی چاہیے۔ اول تو اسے کیا معلوم کہ جس بات کو وہ ناپسند کرتا ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے کوئی بڑی بھلائی رکھی ہو یا جو بات اسے زیادہ مرغوب ہے اس میں اس کے لئے کوئی نقصان کی بات ہو اور پھر جب وہ ایک ایسی بات کو ناپسند کرتا ہو جو اس کی طبیعت کے مطابق نہ ہو تو ان سینکڑوں باتوں کو بھی تو وہ یاد رکھے جو اسے پسند ہیں اس بارہ میں ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ فرماتے ہیں:

''کوئی صاحب ایمان مرد، صاحب ایمان عورت سے بغض نہ رکھے۔ اگر اس کی ایک خو اسے ناپسند ہے تو اس کی دوسری خو یا وصف اسے پسند بھی تو ہے''۔

(مشکوۃ باب عشرۃ النساء الفصل اول)

اہلی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اس حقیقت کو مدنظر رکھیں کہ میاں بیوی کی رفاقت زندگی بھر کے لئے ہوتی ہے اور اس میں ضروری نہیں کہ اپنے ساتھی اور رفیق کی تمام ادائیں اور سب عادات ہمیشہ پسند آئیں یا ایک دوسرے کی منشاء کے مطابق ہوں۔ طبائع کا فرق اور فاصلہ درگزر، بلند حوصلہ اور شیریں نصیحت اور عمدہ نمونہ سے آہستہ آہستہ دور کیا جاسکتا ہے اور جو خوبیاں پسندیدہ ہیں ان کی خاطر دوسری ناپسند باتوں سے اغماض و چشم پوشی کرتے ہوئے دعاؤں اور عمدہ نصیحت کے طریق سے کام لینا چاہیے۔ رسول کریم ﷺ کی مذکورہ نصیحت اور ارشاد حرز جان بنانے کی سعادت حاصل کر لی جائے تو میاں بیوی کی زندگی بہت خوشگوار ہوسکتی ہے۔

اس سلسلہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے یوں نصیحت فرمائی ہے:۔

''عورت مرد کے تعلق کی آپس میں ایسی خطرناک ذمہ داری ہوتی ہے کہ بعض اوقات معمولی معمولی باتوں پر حسن و جمال کا خیال بھی نہیں رہتا اور عورتیں کسی نہ کسی نہج میں ناپسند ہو جاتی ہیں اور ان کے کسی فعل سے کراہت پیدا ہوتے ہوئے کچھ اور کا اور ہی بن جاتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَعَاشِرُوْھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ...... پس عزیزو! تم دیکھو۔ اگر تم کو اپنی بیوی کی کوئی بات ناپسند ہو تو تم اس کے ساتھ پھر بھی عمدہ سلوک ہی کرو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہم اس میں عمدگی اور خوبی ڈال دیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ ایک بات حقیقت میں عمدہ ہو اور تم کو بری معلوم ہوتی ہے۔

(حقائق الفرقان جلد 2 صفحہ 12)

اس بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے ایک خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو یوں تلقین فرمائی:۔

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔ وَعَاشِرُوْھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ...... (النساء:20) کہ ان سے نیک سلوک کے ساتھ زندگی بسر کرو۔ اگر تم انہیں ناپسند کرو تو عین ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت بھلائی رکھ دے۔ پس جب شادی ہوگئی تو اب شرافت کا تقاضا یہی ہے کہ ایک دوسرے کو برداشت کریں۔ ایک دوسرے کو سمجھیں۔ اللہ کا تقویٰ اختیار کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر اللہ کی بات مانتے ہوئے ایک دوسرے سے حسن سلوک کرو گے تو بظاہر

ناپسندیدگی، پسند میں بدل سکتی ہے اور تم اس رشتے سے زیادہ بھلائی اور خیر پاسکتے ہو کیونکہ تمہیں غیب کا علم نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ غیب کا علم رکھتا ہے اور سب قدرتوں کا مالک ہے۔ وہ تمہارے لئے اس میں بھلائی اور خیر پیدا کر دے گا۔'' (الفضل 3 جنوری 2007ء ربوہ)

جس طرح عورت کی بعض باتیں یا عادات نا پسند ہونے کے باوجود مرد کو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ وہ حسن سلوک کرے اس طرح بعض چھوٹی چھوٹی باتوں کی وجہ سے تعلقات خراب کرنا عقلمندوں کا کام نہیں ہے۔ اگر بیوی میں کوئی غلطی ہے تو اس کی اصلاح ہونی چاہیے لیکن اسے چھوڑ دینے پر آمادہ نہیں ہونا چاہیے۔ سکول میں استاد طلبہ کو سبق دیتا ہے۔ کیا جو لڑکے سبق یاد نہیں کرتے انہیں سکول سے نکال دیتا ہے؟ اسی طرح انسانوں میں غلطیاں بھی ہوتی ہیں، کوتاہیاں بھی ہوتی ہیں، کمزوریاں بھی ہوتی ہیں۔ لیکن مومن کا کام ہے کہ ان کو دور کرنے کی کوشش کرے اور وہ جنس جسے اللہ نے مقدس بنایا ہے اسے بازار میں بکنے والی جنس نہ بنادے اگر کسی معاشرہ میں طلاق اور خلع عام ہو جائیں تو قوم کے اخلاق گر جاتے ہیں۔ جن کی اولاد ہوتی ہے جب وہ بڑے ہونگے تو ان پر کیا اثر پڑے گا، کہ ہمارے ماں باپ نے معمولی سی بات پر جدائی حاصل کر لی تھی اور وہ اپنے ماں باپ سے کون سا نیک نمونہ حاصل کریں گے اور ایسی اولاد کیسے ترقی حاصل کر سکتی ہے۔ معاشرہ کو حسین بنانے کے لئے عورت مرد دونوں کو یکساں طور پر مخاطب کیا گیا ہے۔ دونوں کو دوست کہا گیا ہے جو ایک ساتھ زندگی نبھانے کا عہد کرتے ہیں۔ یہ دل کی دو دھڑکنیں ہیں جو دو وجودوں میں ایک ساتھ چلتی ہیں۔ گاڑی کے دو پہیے ہیں جو ایک ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے عورت اور مرد کی پیدائش کو نفس واحدہ سے بنایا یعنی اس سے یہ مراد ہے یہ دونوں انسانیت کے دو ٹکڑے ہیں تو جب یہ دونوں نہ ملیں گے تو اس وقت تک وہ چیز مکمل نہ ہوگی یعنی رشتہ ازدواج کو تکمیل انسانیت قرار دیا۔ بعض مردوں اور عورتوں میں لڑائی جھگڑا بھی ہوتا ہے۔ ایسی صورت اس جگہ ہوتی ہے جہاں ٹکڑے آپس میں نہیں ملتے۔ جہاں اصل ٹکڑے آپس میں ملتے ہیں وہاں نہایت امن وسکون سے زندگی بسر ہوتی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

''عورت مرد کا اور مرد عورت کا ٹکڑا ہے اور دونوں مل کر ایک کامل وجود بنتے ہیں۔ الگ الگ رہیں تو مکمل نہیں ہو سکتے۔ مکمل اسی وقت ہوتے ہیں جب دونوں مل جائیں۔ اب دیکھو یہ کتنی بڑی اخلاقی تعلیم ہے جو اسلام نے دی۔ اس لحاظ سے جو مرد شادی نہیں کرتا وہ مکمل مرد نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح جو عورت شادی نہیں کرتی وہ بھی مکمل عورت نہیں ہوسکتی۔ پھر جو مرد اپنی عورت سے حسن سلوک نہیں کرتا اور اسے تنگ کرتا ہے وہ بھی اس تعلیم کے ماتحت اپنا حصہ آپ کاٹتا ہے۔ اسی طرح جو عورت مرد کے ساتھ عمدگی سے گذارہ نہیں کرتی وہ بھی اپنے آپ کو نامکمل بناتی ہے اور اس طرح انسانیت کا جزو نامکمل رہ جاتا ہے۔''

(فضائل القرآن صفحہ 172)

بیوی کے ساتھ حسن سلوک کا ایک اہم حصہ یہ ہے کہ اس کے والدین اور عزیزوں کے ساتھ بھی حسن سلوک ہوتا کہ اسکی کسی رنگ میں دل شکنی نہ ہو اور اس کے ناز اور فخر کے جذبات کو جو وہ قدرتاً اپنے خاوند کے متعلق رکھتی ہے کسی قسم کا صدمہ نہ پہنچے۔ خاوند قدرتی طور پر توقع رکھتا ہے کہ بیوی اس کے والدین اور عزیزوں کو اپنے والدین اور عزیزوں کی طرح سمجھے اور انکی فرمانبرداری اور تواضع اور خدمت اور احترام ان کے مراتب کے مطابق کرے۔ اسی طرح بیوی کو بھی جائز توقع ہوتی ہے کہ خاوند بھی اس کے والدین اور عزیزوں کو اپنے والدین اور عزیزوں کی طرح سمجھے اور ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرے۔ قرآن مجید میں آتا ہے لَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ (البقرہ آیت 229) یعنی ان (عورتوں) کا دستور کے مطابق (مردوں) پر اتنا ہی حق ہے جتنا (مردوں کا) ان پر ہے۔ یہ نہیں چاہیے کہ خاوند اپنے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کرے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک خطبہ جمعہ میں فرمایا:'' حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ نے حسن معاشرت کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے اور جو کچھ عمل کر کے دکھایا ہے وہ تو ایک لامتناہی سمندر ہے۔ جس میں فیوض موجزن ہیں۔ جس میں حکمتیں موجزن ہیں لیکن ان میں سے ایک بات میں اس سلسلہ میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ نے ایک دفعہ فرمایا کہ دیکھو اپنے ماں باپ کو گالیاں نہ دیا کرو۔ بہت ہی گندی، بہت ہی مکروہ بات ہے کہ تم اپنے ماں باپ کو گالیاں دو۔ صحابہؓ میں سے کسی نے تعجب سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ! اپنے ماں باپ کو کون گالیاں دیتا ہے آپ ﷺ نے فرمایا۔ جب تم اپنے رشتوں کے بعد ایک دوسرے کے ماں باپ کو گالیاں دیتے ہو تو اپنے ماں باپ کو گالیاں دے رہے ہوتے ہو۔''

(خطبہ جمعہ مورخہ 16۔اپریل 1993ء روزنامہ الفضل 14/جون 1993ء)

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے کو حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ کی عائلی زندگی کے مطابق بنائیں تو ہمارے گھر بھی مودّت اور رحمت سے بھر جائیں گے۔

دنیا میں مختلف تنظیمیں اور انجمنیں اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے بنتی ہیں۔ لیکن اسلام نے ہمیں دوسروں کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ خواہ حقوق اللہ ہیں یا حقوق العباد انسان کو جانوروں تک کے حقوق کا خیال رکھنے کی تلقین کی۔ پھر راستے کے حقوق ادا کرنے کا بھی ذکر ملتا ہے۔ ماں باپ کے علاوہ جا بجا غریبوں، یتیموں، مسکینوں کے حقوق کی ادائیگی کی تعلیم بھی موجود ہے۔

ان کو دیکھا تو ان پہ فدا ہو گئے

نام ایسا کہ دل جگمگانے لگے — کام ایسے کہ روح گنگنانے لگے
حسن ایسا کہ دیئے جلانے لگے — بات ایسی کہ خوشبو سی آنے لگے
اور چہرہ کہ جیسے ہو ماہ تمام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

وہ لطافت تھی جیسے کہ اذان ہو — وہ حلاوت تھی جیسے کہ قرآن ہو
وہ طراوت تھی جیسے گلستان ہو — وہ سخاوت تھی جیسے کہ طوفان ہو
وہ محبت کہ عاشق ہوئے خاص و عام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

اُنکے آتے ہی موسم بدلنے لگے — پھول خوشبو کی صورت مچلنے لگے
دل کے پتھر دعا سے پگھلنے لگے — جاں بلب لوگ پھر سے سنبھلنے لگے
مسکرا کے فرشتوں نے بھیجے سلام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

اُن کو دیکھا تو اُن پہ فدا ہوگئے — بت فروشوں سے وہ با خدا ہو گئے
اُنکے در کے گدا بادشاہ ہوگئے — لوگ مٹی کے وہ کیمیا ہو گئے
بن گئے سیدی ایک حبشی غلام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

بے سہاروں کا وہ آسرا بن گئے — بیقراروں کی وہ اک صدا بن گئے
درد دیکھا جہاں پہ دوا بن گئے — بیچ منجھدھار کے ناخدا بن گئے
عشق ایسا کیا، کہہ اُٹھے وہ تمام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

مبارک صدیقی

الف۔منان قمر

حضرت امیر بی بی صاحبہ عرف مائی کاکو کا ذکر خیر

بزرگوں کے ذکر خیر کو یاد رکھنے کے ارشاد کے تحت آج میں اپنی امی سارہ بیگم صاحبہ کی پھوپھی کے حالات قلمبند کرنے کی کوشش کروں گی۔قبل اس کے کہ ان کے حالات لکھوں ان کا تعارف کراتی ہوں۔ تاریخ احمدیت جلد نمبر 2 میں صفحہ 464 کے بعد جو گروپ فوٹو زدی گئی ہیں۔ان میں ایک تصویر

"خاندان سیکھواں برادران" کی بھی ہے۔

اس تصویر کے نیچے دوسری لائن میں۔امیر بی بی صاحبہ عرف مائی کاکو صاحبہ رفیق (313) لکھا ہوا ہے۔

انہی صاحبہ کا ذکر خیر کر رہی ہوں۔ ان کے تینوں بھائیوں کا نام۔'سیکھوانی برادران، کی سرخی کے تحت حضرت مسیح موعود کی متعدد کتب میں ذکر آتا ہے۔ یہ تینوں بزرگ قدیم ترین رفیق اور سگے بھائی تھے۔حضرت اقدس کے ساتھ ان کا فدائیانہ تعلق تھا اوران کے خاندان کو دعویٰ ماموریت سے بھی پہلے حضرت مسیح موعود سے ذاتی ربط اور دلی عقیدت کا شرف حاصل تھا۔

ضمیمہ انجام آتھم میں جن 313 رفقاء کے نام درج ہیں۔اس میں ان تینوں بھائیوں کے نام مندرجہ ذیل نمبر شمار کے تحت لکھے ہوئے ہیں۔

(30) میاں جمال الدین سیکھواں گورداسپور معہ اہل بیت (یہ میرے نانا کا نام ہے)

(31) میاں خیر الدین سیکھواں گورداسپور معہ اہل بیت (والد صاحب مولوی قمر الدین صاحب پہلے صدر خدام الاحمدیہ)

(32) میاں امام الدین سیکھواں گورداسپور معہ اہل بیت (والد صاحب مولانا جلال الدین صاحب شمس خالد احمدیت)

سیرۃ وسوانح حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ تصنیف پروفیسر سید نسیم سعید صاحبہ کے صفحہ 52 کے آخر میں درج ہے۔

"(الحکم کے ایڈیٹر اور دیرینہ صحافی) عرفانی صاحب لکھتے ہیں ان پرانی مستورات میں سے جنہوں نے حضرت اماں جان کو دلہن بنے ہوئے دیکھا۔اب کوئی موجود نہیں البتہ مولوی جلال الدین صاحب شمس کی پھوپھی جو مائی' کاکو' صاحبہ کے نام سے مشہور ہیں اور جو اماں جان کی خادمہ ہیں اور ایک عشق سے خدمت کرتی ہیں نے مجھے سنایا کہ جب اماں جان نئی نئی بیاہی ہوئی آئیں یعنی 1884ء کے نومبر یا دسمبر کے ابتدائی دنوں میں ہم بھی قادیان آئی ہوئی تھیں تو ہم نے سنا مرزا صاحب "ووہٹی" بیاہ کر لائے ہیں۔ اس لئے ہم دیکھنے چلی گئیں۔وہ کہتی ہیں۔"حضرت اماں جان 18-19 سال کی لڑکی تھیں بالکل پتلی دبلی اور نحیف سی تھیں۔سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے پنجاب کے رواج کے بالکل خلاف رنگین یا سرخ جوڑا نہ تھا۔ اس وقت کھلے پائنچے کا غرارہ پہنے ہوئے تھیں۔ہم کو دیکھ کر کمرے سے باہر آ گئیں اور ہم کو جب ایک دبلی سی کم عمر لڑکی سفید لباس میں نظر آئی تو ہم کو تعجب ہوا اور ہم نے کہا کہ اے کس طرح دی ووہٹی (دلہن) اے۔

اس کے بعد مائی کاکو کا بیان ہے کہ ہم نے پھر حضرت اماں جان کی جو شان دیکھی اسے لفظوں میں بیان نہیں کرسکتی۔

سیرت کی اسی کتاب میں عصمت راجہ تحریر کرتی ہیں۔کہ ان کی والدہ کی دادی جو مائی کاکو کی بھاوج تھیں کو حضرت اماں جان نے ایک ملاقات میں فرمایا "تم میری سہیلی بنو گی۔ حضرت اماں جان کی اس شفقت اور محبت بھری گفتگو نے ان سے بے تکلف ملنے کا راستہ کھول دیا اور دیار مسیح میں' مائی کاکو' اور ان کی بھاوجوں کا آنا جانا ہو گیا۔

اسی کتاب میں میری بڑی بہن امتہ الرشید شوکت بیگم ملک سیف الرحمٰن تحریر کرتی ہیں کہ میری والدہ سارہ بیگم جو خود بھی 313 رفقاء میں سے ایک مخلص رفیق میاں جمال الدین صاحب سیکھوانی کی بیٹی تھیں اور خود بھی نو سال کی عمر میں حضرت مسیح موعود کے دیدار کا شرف حاصل ہوا۔ بیان فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ حضرت اماں جان حضرت ام ناصر صاحبہ کے ہمراہ ہمارے گاؤں سیکھواں تشریف لائیں نانا جان اور ان کے دونوں چھوٹے بھائی اکٹھے ایک جگہ رہتے تھے۔دیہاتی دستور کے مطابق تینوں گھروں میں جو کچھ پکا ہوا تھا۔ ان کے سامنے رکھا گیا۔آپ نے وہ سادہ کھانا نہایت خوشی سے مزے لے لے کر کھایا۔موٹھ کی کھچڑی جو دیہاتی سردیوں کے موسم میں اکثر کھاتے ہیں بہت پسند فرمائی اور اس کے بعد بھی کبھی کبھی مائی' کاکو' کے ذریعے اس قسم کی کھچڑی کی فرمائش کر کے منگواتی رہیں۔ جو آپ کی بے تکلفی اور مربیانہ سلوک کو ظاہر کرتی ہے۔"

مائی کاکو کی زندگی کے حالات لکھنے کی طرف مجھے اس وقت توجہ ہوئی۔ جب میں 1991ء کے جلسہ سالانہ پر قادیان گئی تو محترمہ صاحبزادی امتہ النصیر صاحبہ بیگم پیر معین الدین صاحب مرحوم مجھے بازو سے پکڑ کر دیار مسیح کے ایک کمرے کی طرف لے گئیں کہ یہ وہ کمرہ ہے جہاں "مائی کاکو' رہا کرتی تھیں۔اس کے بعد امریکہ میں مجھے صاحبزادی امتہ الرشید صاحبہ بیگم میاں عبدالرحیم صاحب مرحوم نے بتایا کہ یہ وہ کمرہ تھا جہاں حضرت مسیح موعود نے چھ ماہ کے روزے رکھے تھے اور نور کی مشکیں آب زلال کی صورت میں اس کمرے میں انڈیلی گئی تھیں اور آپ کو بتایا گیا تھا کہ یہ نور اس درود شریف کے پڑھنے کی وجہ سے انڈیلا گیا ہے جو آپ کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

مائی کاکو عنفوان شباب میں ہی بیوہ ہو گئی تھیں۔ بچے بھی صغرسنی میں ہی فوت ہو گئے۔ان کے سسرال والے حضرت مسیح موعود کے سخت مخالف تھے۔اس لئے جب ان کے نازیبا الفاظ سننا ان کی برداشت میں نہ رہا تو آپ اپنے بھائیوں کے پاس آ گئیں۔

محترمہ صاحبزادی امتہ الرشید صاحبہ بیگم میاں عبدالرحیم صاحب مرحوم نے مجھے بتایا کہ ایک دن شمس صاحب (مولوی جلال الدین صاحب شمس) کے والد صاحب حضرت اماں جان کے گھر آئے اور میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا" کہ اب مائی کاکو آپ کے پاس ہی رہے گی مگر ایک شرط ہے کہ اس کا کھانا ہمارے گھر سے آیا کرے گا اور بتاتی ہیں کہ دودھ اور رس ناشتے کے لئے اور کھانا آپ کو باقاعدہ گھر سے پہنچاتے رہے۔

حضرت مسیح موعود کے قرب میں رہیں بہت سی پیشگوئیوں کو سنا۔

